سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ

# وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ

12

## بارہویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

مضامین قرآن کا جامع ومختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**Edition 2022**

© Copyright جمیع الحقوق محفوظة Reserved

# بارہویں پارے/جزء"ومامن دابة"کامختصرتعارف

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**

Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

ASKISLAMPEDIA
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# نوٹ

قارئین کرام یہ کتاب حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ کے آڈیوس سے مفرغات کے قبیل سے ہے اور قارئین کی درخواست پر مفرغات کو کتابی شکل میں پیش کیا گیا ہے جگہ جگہ آپ کو اس کتاب میں بیان کا اسلوب نظر آئے گا جو کہ کتابی (نثر) اسلوب سے کچھ مختلف ہو گا اور نثری اسلوب سے ہم آہنگ نہیں ہو گا کیونکہ آپ بخوبی واقف ہیں کہ اسلوبِ خطابت اور اسلوب کتابت و نثر نگاری میں فرق پایا جاتا ہے۔

جزاک اللہ خیراً

بسم الله الرحمن الرحيم

رَّبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

# بارہویں پارے (جزء) کا مختصر تعارف

## "Para 12 – Wa Mamin Daabbatin–"- وَمَا مِن دَآبَّةٍ

اہل علم نے بارہویں پارے "وَمَا مِنْ دَابَّةٍ" کو 17 یونٹس میں تقسیم کیا جو حسبِ ذیل ہیں:

| یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 12 "وَمَا مِنْ دَابَّةٍ" کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| سورۃ ہود | | | |
| یونٹ نمبر:1 | 6 | 11 | صرف اللہ تعالیٰ ہی رزق عطا کرتا ہے، کائنات کی تخلیق کا ذکر، عام انسانوں میں پائے جانے والی برائیوں کا تذکرہ۔ |
| یونٹ نمبر:2 | 12 | 17 | اللہ کے نبی ﷺ کو تسلی دی گئی، قرآن مجید کے معجزہ ہونے کا بیان، ریاکاری کے نقصان کا ذکر، مومن کے اوصاف کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:3 | 18 | 24 | اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھنے والوں کے انجام کا بیان، اہل جنت اور اہل جہنم کا تذکرہ اور ان کے اوصاف کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:4 | 25 | 49 | قصۂ نوح علیہ السلام کا تفصیلی بیان۔ |
| یونٹ نمبر:5 | 50 | 60 | ہود علیہ السلام کے قوم کی نافرمانی کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:6 | 61 | 66 | صالح علیہ السلام اور ان کی قوم[ثمود]اور اونٹنی کا قصہ۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 67 | 76 | ابراھیم علیہ السلام کی فرشتوں سے گفتگو اور آپ علیہ السلام کو اولاد کی بشارت کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:8 | 77 | 83 | قوم لوط پر عذاب نازل ہونے کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:9 | 84 | 86 | اہل مدین کے لیے شعیب علیہ السلام علیہ السلام بھیجے گئے آپ علیہ السلام نے انکو ناپ تول میں کمی سے روکا۔ |
| یونٹ نمبر:10 | 87 | 95 | شعیب علیہ السلام کی دعوت کو اہل مدین نے جب ماننے سے انکار کر دیا تو ان پر عذاب نازل کر دیا گیا۔ |
| یونٹ نمبر:11 | 96 | 99 | فرعون اور اس کی قوم دونوں پر عذاب نازل ہوا ا ور لعنت بھی۔ |
| یونٹ نمبر:12 | 100 | 123 | سورۃ ہود کی آخری آیات میں اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے سابقہ امتوں کے أحوال بیان کئے گئے اور ان پر نازل کئے گئے عذاب کا ذکر کیا گیا، اہل جنت اور اہل جہنم کا ذکر کیا گیا اور سورت کے آخر میں یہ کہا گیا کہ غیب کا علم صرف اللہ کو ہے جو حاکم اعلیٰ ہے۔ |
| سورۃ یوسف | | | |
| یونٹ نمبر:13 | 1 | 3 | اعجاز قرآن اور قرآن کا تعارف اور عربی زبان میں قرآن نازل کئے جانے کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:14 | 4 | 6 | یوسف علیہ السلام کے قصے کی ابتداء، یوسف علیہ السلام علیہ السلام کا خواب اور یعقوب علیہ السلام کی طرف سے اس خواب کی تعبیر کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:15 | 7 | 18 | یوسف علیہ السلام کا اپنے بھائیوں کے ساتھ جانے ذکر۔ |
| یونٹ نمبر:16 | 19 | 34 | یوسف علیہ السلام عزیز مصر کے محل میں اور اس کے بعد جیل کا واقعہ۔ |
| یونٹ نمبر:17 | 35 | 53 | یوسف علیہ السلام کا جیل کا واقعہ اور خوابوں کی تعبیر بیان کرنے کا تذکرہ ، عزیز مصر کے خواب کی تعبیر کا واقعہ یوسف علیہ السلام علیہ السلام کا منصب وزارت پر فائز ہونے کا بیان۔ |

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر**:1

بارھواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 6 سے لیکر آیت نمبر 11 میں بتایا جارہا ہے کہ تمام مخلوقات کو روزی دینے والا صرف اللہ ہے اور کائنات کی تخلیق کے بارے میں یہ کہا گیا کہ اللہ تعالی ہر چیز پر قادر ہے آسمان اور زمین کو اللہ تعالیٰ نے صرف چھ یوم میں پیدا کیا ہے اس سے پہلے اللہ کا عرش پانی پر تھا اس کے بعد عام انسانوں میں پائے جانے والی برائیوں کا تذکرہ ہے اور مومن بہت منکسر المزاج ہوتا ہے اور کافر مضطرب المزاج ہوتا ہے۔

**یونٹ نمبر 1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1"**

- اللہ کے فضل، علم اور اس کی قدرت کی وسعت کا بیان (7-6)

- اللہ کی نعمتوں کے تعلق سے مشرکین کا موقف اور ان کی سزا کا بیان(8-10)
- اللہ کی نعمتوں کے تعلق سے مومنوں کا موقف اور ان کی جزا کا بیان(11)

**یونٹ نمبر**2:

بارہواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 12 سے لیکر آیت نمبر 17 میں اللہ تعالیٰ نے اللہ کے نبی کو تسلی دی ہے کہ آپ کافروں کے طعنہ زنی پر دھیان نہ دیں اور قرآن مجید کو ایک معجزے کے طور پر پیش کیا گیا اور یہ "Challenge" بھی کیا گیا اور اسکے بعد یہ کہا گیا کہ ریاکاری تمام اعمال کو ضائع کر دیتی ہے اور مومن کی صفات بیان کرتے ہوئے کہا گیا کہ مومن فطرت پر قائم رہتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کو دل سے تسلیم کرتا ہے۔

| یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2" |
|---|

- مشرکین کے عناد کی وجہ سے رسول ﷺ کے سینہ کا تنگ ہونا اور آپ ﷺ کے لیے اللہ کی ہدایات کا جاری ہونا(12)
- کفار و مشرکین کو چیلنج کے اس طرح کا کوئی کلام پیش کریں۔(13-14)
- کفار آخرت پر دنیا کو ترجیح دیتے ہیں اور ان کی سزا کا بیان(15-16)
- مومن اور کافر دونوں برابر نہیں ہو سکتے(17)

**یونٹ نمبر**3:

بارہواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 18 سے لیکر آیت نمبر 24 میں اللہ تعالیٰ پر بہتان باندھنے والوں کے برے انجام کا بیان اور یہ کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ کو کوئی چیز عاجز نہیں

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

کر سکتی اور یہ کہا گیا کہ نیک اور صالح لوگوں کا ٹھکانہ جنت ہے جس میں وہ ہمیشہ ہمیش رہیں گے اور ان کو جنت کے وارثین بھی کہا گیا۔

## یونٹ نمبر 3: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3"

- کفار اور ان کے بعض صفات کا تذکرہ (18-22)
- مومن اور ان کے بعض صفات کا تذکرہ (23)
- کافر اور مومن کی مثال بیان کی گئی (24)

### یونٹ نمبر 4:

بارھواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 25 سے لیکر آیت نمبر 49 میں نوح علیہ السلام علیہ السلام کا قصہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے آدم علیہ السلام علیہ السلام کے بعد سب سے پہلے رسول نوح علیہ السلام علیہ السلام کو بنایا گیا نوح علیہ السلام علیہ السلام نے اپنی قوم کو دعوت پیش کی اور کہا کہ ایک اللہ کی عبادت کرو جلد بازی میں قوم نوح نے عذاب مانگ لیا نوح علیہ السلام علیہ السلام کو حکم ہوا کہ کشتی تیار کرلیں پھر حکم ہوا کہ اللہ کے نام کے ساتھ کشتی میں سوار ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ منزل مقصود تک پہنچ گئے، یہ مکمل واقعہ وحی کے ذریعے بیان کیا گیا لیکن کفار و مشرک طعنہ زنی کیا کرتے تھے کہ اللہ کے نبی علیہ السلام یہ تمام چیزیں از خود گھڑ لیں ہیں تو اللہ کا حکم ہوا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ دیجئے کہ اگر میں نے یہ تمام چیزیں گھڑیں تو اس کا گناہ میرے سر اور تمہارا گناہ تمہارے سر ہو گا۔

## یونٹ نمبر 4: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4"

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسی علیہم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

### یونٹ نمبر:5

بارھواں پارہ ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 50 سے لیکر آیت نمبر 60 میں ہود علیہ السلام علیہ السلام کی قوم کی نافرمانی کا تفصیلی بیان۔

| یونٹ نمبر 5: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5" |
|---|

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسی علیہم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

### یونٹ نمبر:6

بارھواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 61 سے لیکر آیت نمبر 68 میں صالح علیہ السلام علیہ السلام کی قوم [ثمود] کی نافرمانی کا بیان، اور اونٹنی کا قصہ۔

| یونٹ نمبر 6: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6" |
|---|

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسی علیہم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

### یونٹ نمبر:7

بارھواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 69 سے لیکر آیت نمبر 76 میں یہ

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

بتایا جارہا ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے فرشتوں سے گفتگو کی اور ان کی مہمان نوازی کی جب کہ آپ یہ نہیں جاتے تھے وہ مہمان اصل میں فرشتے ہیں پھر ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام کو خوف بھی ہوا لیکن فرشتوں نے ان کو تسلی دی اور اسحاق علیہ السلام علیہ السلام کی بشارت دی اور اسحاق علیہ السلام علیہ السلام سے یعقوب علیہ السلام علیہ السلام کی بشارت بھی سنائی، اور جب ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام کو یہ علم ہوا کہ یہ فرشتے دراصل قومِ لوط پر عذاب نازل کرنے لیے بھیجے گئے ہیں چنانچہ ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام نے ان فرشتوں سے لوط علیہ السلام علیہ السلام کے لیے سفارش کی تو فرشتوں نے کہا کہ ہم پہلے وہاں سے لوط علیہ السلام علیہ السلام کو اس بستی سے نکال لیں گے پھر اس قوم پر عذاب نازل کیا جائے گا جیسا کہ ارشاد ہوا اب آپ علیہ السلام اس سے چشم پوشی کریں اللہ تعالیٰ کا حکم پورا ہو کر رہے گا اب عذاب لوٹانے کی کوئی وجہ نہیں ہے چنانچہ ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام ایک بردبار اور نرم دل اور رجوع کرلینے والے انسان تھے لہذا ابراہیم علیہ السلام علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کے حکم پر فرمانبرداری کا مظاہرہ کیا۔

**یونٹ نمبر 7: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"**

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسیٰ علیہم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

**یونٹ نمبر 8:**

بارھواں پارہ ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 77 سے لیکر آیت نمبر 83 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ جب فرشتے ابراہیم علیہ السلام کے گھر سے نکلے تو سیدھے لوط علیہ السلام کے مقام پر پہنچے اور لوط علیہ السلام کے گھر میں داخل ہوئے اور وہاں سے لوط کو نکالیا پھر اس کے بعد

سورج کے نکلنے کے وقت قوم لوط پر عذاب نازل کر دیا گیا سدوم نامی بستی تہ وبالا کر دی گئی اور ان پر پتھر برسائے گئے جو بہت بھاری بھر کم تھے ہر پتھر پر مرنے والے کا نام لکھا ہوا تھا الغرض قوم لوط پر عذاب مسلط ہو چکا تھا ان کے بد فعل مرد اور بد فعل عورتیں اپنے انجام تک پہنچ چکے تھے۔

| یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8" |
|---|

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسی علیھم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

### یونٹ نمبر 9:

بارھواں پارہ ، سورۃ ھود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 84 سے لیکر آیت نمبر 86 میں یہ بتایا جارہاہے کہ اہل مدین کی جانب شعیب علیہ السلام علیہ السلام کو بھیجا گیا آپ اہل مدین کو صحیح ناپ تول کا حکم دیتے ہیں اور اہل مدین آپ پر بگڑ جاتے ہیں۔

| یونٹ نمبر 9: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.9" |
|---|

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسی علیھم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

### یونٹ نمبر 10:

بارھواں پارہ، سورۃ ھود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 87 سے لیکر آیت نمبر 95 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ شعیب علیہ السلام علیہ السلام نے اہل مدین کو توحید کی دعوت پیش کی تو انہوں نے کہا ہم اپنے

آباواجداد کے دین کو نہیں چھوڑ سکتے اہل مدین نے شعیب علیہ السلام علیہ السلام کی دعوت کو ماننے سے انکار کر دیا لیکن آپ علیہ السلام تبلیغ میں لگے رہے اور اپنی قوم سے کہا کہ میری دشمنی میں تم اپنا نقصان مت کرلو لیکن وہ ماننے کے لیے تیار نہیں تھے لہذا ایک وقت مقررہ کے بعد ان پر عذاب نازل کر دیا گیا صبح کی اولین ساعتوں میں ایک بھیانک چیخ آئی اور وہ سب کے سب بے حس و حرکت ہو کر رہ گئے اس طرح اللہ کے عذاب میں اہل مدین نیست و نابود کر دیئے گئے۔

## یونٹ نمبر 10: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.10"

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسی علیھم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

## یونٹ نمبر 11:

بارھواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 96 سے لیکر آیت نمبر 99 میں مختصراً موسیٰ علیہ السلام علیہ السلام اور فرعون تذکرہ کیا جارہا ہے یہاں پر یہ بتایا جارہا ہے کہ فرعون اپنی قوم کا سردار تھا لہذا جہنم میں بھی وہ اپنی قوم کا سردار ہی کہلائے گا جہنم میں وہ اپنی قوم کو لیکر ایک ایسی جگہ جائے گا جہاں پر لوگوں کو آگ کی تکلیف سے دوچار کیا جائے گا چنانچہ فرعون اور اس کی قوم کو دنیا میں بھی لعنت زدہ تھی اور جہنم میں بھی وہ لعنتی ہی کہلائیں گے۔

## یونٹ نمبر 11: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.11"

- حضرت نوح، ہود، صالح، ابراھیم، لوط، شعیب، موسی علیھم السلام کے واقعات بیان کیے گیے۔(25-99)

**یونٹ نمبر**12:

بارہواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 100 سے لیکر آیت نمبر 123 میں اللہ کے نبی ﷺ کو خطاب کرتے ہوئے کہا جارہا ہے کہ جن پر عذاب نازل ہوا ان میں کچھ بستیاں آج بھی موجود ہیں اور بیشتر تو ختم ہو چکی ہیں ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا بلکہ ان کو ان کے کئے کی سزا دی گئی اور کہا گیا کہ یہ حق اور باطل کی کشمکش کا نتیجہ ہے اور یہ حق و باطل کی لڑائی تخلیق آدم سے لیکر آج تک جاری ہے اور حق ہمیشہ غالب رہا ہے اور یہ بھی کہا گیا کہ سابقہ امتوں کے انجام سے عبرت حاصل کرنا چاہئے اور کہا گیا کہ جنہوں نے انبیائے کرام کی فرمانبرداری کی وہ جنت میں داخل کئے جائیں گے اور جنہوں نے نافرمانی کی ان کو سخت عذاب دیا جائے گا پھر اہل ایمان سے ہدایت پر استقامت کی تاکید کی گئی اور نمازوں کی حفاظت کرنے کے لیے کہا گیا، برائیوں سے روکنے اور نیکیوں کا حکم دینے کی نصیحت کی گئی اور کہا گیا کہ جس پر اللہ کا رحم وکرم ہوتا ہے وہ ہدایت کو پالیتا ہے، سورت کی سب سے آخری آیت میں یہ کہا گیا کہ غیب کا علم صرف اللہ کو حاصل ہے جو حاکم اعلی ہے۔

## یونٹ نمبر 12: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.12"

- اللہ کی سنت کہ بندوں کو ہلاک کرنے سے پہلے مہلت دیتا ہے(100-102)
- قیامت کے دن کے بعض مناظر پیش کیے گئے(103-109)
- قرآن میں اختلاف کرنے سے منع کیا گیا جس طرح موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے تورات میں اختلاف کیا(110-111)
- نبی ﷺ اور مومنوں کو نماز، استقامت اور صبر کا حکم دیا گیا(112-115)

- اللہ کی سنت سابقہ امتوں کو ہلاک کرنے میں کہ وہ اپنے ظلم اور عناد کی وجہ سے ہلاک ہوئیں(116-119)
- قرآن کے قصوں کی حکمت کہ رسول ﷺ کو تسلی، مومنوں کو نصیحت اور کافروں کے لیے ڈراوا(120-123)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُوْرَةُ يُوسُف

## SURAH YUSUF

| The Prophet Joseph | Yusuf Alaihissalam | یوسف علیہ السلام |
|---|---|---|
| "The Place of Revelation" / مقام نزول-مکہ MAKKAH | | |
| یہ سورت مکہ میں نازل ہوئی | | |

## "Few Objectives" بعض اہداف

- اللہ کی تدبیر پر بھروسہ (صبر کرو، ناامید نہ ہو)۔[1]
- یہ سورت ایک خواب سے شروع ہوتی ہے اور اس کی تعبیر پر ختم ہوتی ہے۔(4 اور 100)
- مختصر یوسف-علیہ السلام-کی زندگی کا خاکہ کچھ اس طرح بنتا ہے، جو اتار چڑھاؤ پر مشتمل ہے:




---

[1] مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں۔ ( شرح كتاب التوحيد الذي هو حق الله على العبيد: صالح بن عبد العزيز آل الشيخ)

- نبی ﷺ کو تسلی دینے کے لیے یہ سورت نازل کی گئی۔
- نبی کریم ﷺ اور یوسف -علیہ السلام- کی زندگیوں میں کافی یگانگت موجود ہے: نبی کریم ﷺ بھی اپنے ابناء وطن اور برادران قریش کے ہاتھوں نکالے گئے -ہجرت، اس کے بعد آپ ﷺ کو بھی حکومت ملی اور ایسا وقت بھی آیا جب آپ نے برادران قریش کو باوجود ان کی تکلیفوں کے معاف کر دیا اور لا تثریب علیکم الیوم پر عمل کیا۔[2]
- اس سورت میں جو واقعہ ذکر کیا گیا ہے اسے احسن القصص کہا گیا ہے۔[3]
- عبرت، موعظت و نصیحت کے اعتبار سے ملوک و ممالیک اور علماء کا ذکر ہے، علم و اقتدار کی طاقت کا موازنہ ملتا ہے علم کی فضیلت ہمیشہ سے آگے ہے۔

## مناسبت / لطائف تفسیر

سورہ ہود آپ ﷺ کو تسلی دینے کے لیے نازل کی گئی اور سورہ یوسف بھی آپ کو تسلی دینے کے لیے نازل کی گئی، دونوں کے نزول کا وقت ایک ہی ہے۔

### یونٹ نمبر 13:

بارہواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 3 میں اعجاز قرآن اور قرآن کا تعارف پیش کیا جارہا ہے اور کہا جارا ہے کہ ہم نے اس قرآن کو عربی زبان میں

---

[2] مزید معلومات کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں (مکۃ بلد اللہ الحرام: عبد الملک القاسم)

[3] (اس کتاب کو ضرور پڑھیے: 100 فائدۃ من سورۃ یوسف -فضیلۃ الشیخ محمد صالح المنجد)

نازل کیا ہے۔

**یونٹ نمبر13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"**

- قرآن کی صفات اور اس کے احسن القصص ہونے کا بیان(1-3)

### یونٹ نمبر14:

بارھواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 4 سے لیکر آیت نمبر 6 میں یوسف علیہ السلام علیہ السلام کے قصے کی ابتداء ہوتی ہے کہ آپ علیہ السلام نے خواب میں دیکھا کہ آپ علیہ السلام کو گیارہ ستارے، سورج اور چاند سجدہ کر رہے ہیں،یعقوب علیہ السلام خواب کو سن کر یوسف علیہ السلام علیہ السلام سے کہتے ہیں کہ اس خواب کا ذکر اپنے بھائیوں مت کرنا، لہذا یعقوب علیہ السلام علیہ السلام یہ سمجھ جاتے ہیں کہ یوسف علیہ السلام کو نبوت عطا کی جائے گی۔

**یونٹ نمبر14: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.14"**

- یوسف علیہ السلام کا خواب اور آپ کے والد کی رائے کا ذکر(4-6)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

### یونٹ نمبر15:

بارھواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 7 سے لیکر آیت نمبر 18 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ یوسف علیہ السلام علیہ السلام کے بھائیوں نے یوسف علیہ السلام علیہ السلام کے خلاف قتل کی سازش تیار کر رکھی تھی، لہذا وہ یعقوب علیہ السلام علیہ السلام کے پاس آتے ہیں کہتے ہیں کہ ہم یوسف علیہ السلام علیہ السلام کے خیر خواہ ہیں یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو ہمارے ہمراہ جانے دیں ان کے جواب میں یعقوب علیہ السلام علیہ السلام نے کہا کہ مجھے ڈر ہے کہ کہیں بھیڑیا نہ آجائے پھر وہ

کسی طرح یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو اپنے ساتھ لے گئے پھر وہ رات کو روتے ہوئے واپس گھر کو آئے اور یعقوب علیہ السلام علیہ السلام سے کہا کہ یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو ایک بھیڑیے نے کھالیا اور انہوں نے یوسف علیہ السلام علیہ السلام کی قمیص پیش کر دی یعقوب علیہ السلام علیہ السلام نبی تھے اور ایک تجربہ کار انسان تھے لہذا انہوں نے کہا کہ جب بھیڑیا حملہ آور ہوتا ہے تو چیر پھاڑ دیتا ہے لیکن یوسف علیہ السلام علیہ السلام کی قمیص تو جوں کی توں ہے چنانچہ یعقوب علیہ السلام علیہ السلام نے سارا معاملہ بھانپ لیا اور آپ علیہ السلام سمجھ گئے یہ مکر و فریب کر رہے ہیں۔

## یونٹ نمبر 15: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.15"

- یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کا ان کے کنویں میں ڈالنے کا ذکر (10-7)
- یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کا سازش مکمل کرنے کا ذکر (18-11)

## یونٹ نمبر 16:

بارھواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 19 سے لیکر آیت نمبر 34 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ جب یوسف علیہ السلام علیہ السلام کے بھائیوں نے یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو کنویں میں ڈال دیا اور وہاں سے چلے گئے اور پھر ایک قافلہ اس کنویں سے گزر رہا تھا تو انہوں نے پانی نکالنے کی غرض سے ڈول ڈالا اور جب انہوں نے ڈول نکالا تو اس میں یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو پایا پھر اس قافلے نے یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو عزیز مصر کے ہاں چھوڑ دیا عزیز مصر نے یوسف علیہ السلام علیہ السلام کو بڑی عزت اور احترام کے ساتھ اپنے محل میں رکھا پھر ایک دن عزیز مصر کی بیوی فتنہ میں مبتلا ہوئی یوسف علیہ السلام نے عزیز مصر کی بیوی سے صاف انکار کر دیا

لہذا اس عورت نے یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام سے بدلہ کے صورت میں الزام یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام پر لگا کر عزیز کے ذریعے جیل بھیج دیا۔

## یونٹ نمبر 16: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.16"

- یوسف علیہ السلام کا کنویں سے نکلنا اور اہل مصر میں فروخت ہونے کا ذکر (20-19) یوسف علیہ السلام کا مصر میں قیام اور عزیز مصر کی بیوی کے فتنہ سے بچنے کا ذکر (21-29)
- عزیز مصر کی بیوی کے واقعہ کی خبر کا پھیلنا اور اس کے موقف کا بیان۔
- اور یوسف علیہ السلام کے جیل میں ڈالے جانے کا ذکر (30-35)

## یونٹ نمبر 17:

بارھواں پارہ، سورۃ یوسف سورۃ نمبر 12 کی آیت نمبر 35 سے لیکر آیت نمبر 53 میں یہ بیان کیا جارہا ہے کہ یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام کو جیل بھیج دیا گیا، جیل میں یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام کی ملاقات بادشاہ کے باورچی اور ساقی سے ہوئی، یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام جیل میں توحید کی دعوت دیتے اور خوابوں کی تعبیر بیان کرتے، اسی دوران یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام شاہی باورچی اور ساقی کو توحید کی دعوت پیش کی اور ان کے خوابوں کی تعبیر بھی بتائی، پھر اس کے بعد عزیز مصر کا خواب اور اس خواب کی تعبیر کے لیے یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام تک پہنچے اور یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام نے عزیز مصر کی خواب کی تعبیر بیان کی اور تدبیر سے بھی واقف تھے تو عزیز مصر نے یوسف علیہ السلام عَلَيْهِ السَّلَام کو مصر کی ایک وزارت سونپ دی۔

AskIslamPedia GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION Free Online Islamic Encyclopedia

## یونٹ نمبر 17: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.17"

- جیل میں یوسف علیہ السلام کے واقعات (36-42)
- بادشاہ مصر کا خواب اور یوسف علیہ السلام کی تعبیر کرنے کا ذکر (43-49)
- بادشاہ کا یوسف علیہ السلام کو جیل سے نکالنا اور یوسف علیہ السلام کی براءت کا ذکر (50-53)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**

**Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;**
**Founder & Director of AskIslamPedia.com**
**Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.**
**+91 92906 21633 (WhatsApp only)**